UK Health Security Agency

NHS

# MenB ویکسینیشن کے بعد بخار سے تحفظ اور اس کے علاج کے لیے پیراسیٹامول استعمال کرنا

## میرے بچے کو حال ہی میں MenB ویکسین لگی ہے، اب مجھے کیا توقع رکھنی چاہیے؟

بخارویکسین لگوانے کے بعد آنا عام بات ہے، لیکن یہ زیادہ تر اُس وقت ہوتا ہے جب MenB ویکسین (Bexsero) دیگر معمول کی ویکسینز کے ساتھ 8 اور 12 ہفتے کی عمر میں دی جاتی ہے۔ پیراسیٹامول کے بغیر، آدھے سے زیادہ شیرخوار بچوں کو ان ویکسینز کے بعد بخار ہوگا۔ ویکسینیشن بعد اندازاً 6 گھنٹوں میں بخار اپنے عروج پر ہوتا ہے اور 2 دن کے اندر اندر یہ تقریباً ہمیشہ ہی ختم ہو جاتا ہے۔ بخار ظاہر کرتا ہے کہ بچے کا مدافعتی نظام ویکسین پر ردعمل کر رہا ہے، تاہم بخار کی سطح ہر بچے کے لحاظ سے ہوگی اور یہ اس بات کی علامت نہیں ہوتا کہ ویکسین آپ کے بچے کو کتنے عمدہ طریقے سے محفوظ بنائے گی۔

## میں بخار کا خطرہ کیسے کم کرسکتا ہوں؟

ویکسینیشن کے فوراً بعد پیراسیٹامول دینا - اور بخار چڑھنے کا انتظار نہ کرنا - آپ کے بچے کے بخار میں مبتلا ہونے کا خطرہ کم کر دے گا۔ پیراسیٹامول کے ساتھ، 5 میں سے 1 سے بھی کم بچوں کو بخار ہوگا اور تقریباً سبھی کو معتدل درجے (39°C سے کم) میں ہوتا ہے۔ پیراسیٹامول سے آپ کے بچے میں بے چینی یا بے آرامی (جیسے کہ انجکشن کے مقام پر درد) کا امکان بھی کم ہوگا۔

## مجھے کونسی پیراسیٹامول پروڈکٹ استعمال کرنی چاہیے؟

آپ کو اورل **انفینٹ پیراسیٹامول سسپنشن استعمال کرنا چاہیے۔ یہ پیراسیٹامول شیرخوار اور چھوٹے بچوں کے لیے مائع کی شکل میں آتی ہے۔ اس کی طاقت 120mg/5ml ہوتی ہے۔**

اگر آپ کے پاس پہلے سے گھر پر شیرخوار بچوں کے لیے پیراسیٹامول نہ ہو، تو آپ کو اپنی مقامی فارمیسی یا سپرمارکیٹ سے لے کر رکھ لینی چاہیے تاکہ آپ ویکسینیشن کے ایک گھنٹے کے اندر اندر پیراسیٹامول کی ایک خوراک اسے پلا سکیں۔ بہت سی پروڈکٹس ہیں جن میں سے انتخاب کیا جاسکتا ہے لیکن شیرخوار بچوں کے لیے انفینٹ پیراسیٹامول سسپنشن 120mg/5ml درکار ہوتا ہے۔

(نوٹ: جونیئر پیراسیٹامول (6 پلس) انفینٹ پیراسیٹامول (250mg/5ml) سے زیادہ طاقتور ہوتی ہے اور اسے چھوٹے بچوں کو نہیں دینا چاہیے۔)

## کونسی ویکسینیشنز کے بعد مجھے اپنے بچے کو پیراسیٹامول دینی چاہیے؟

بچوں کے لیے MenB ویکسینیشنز کے بعد پیراسیٹامول کی ہدایت دی جاتی ہے۔ MenB ویکسین عام طور پر آپ کے بچے کو پہلی اور دوسری حفاظتی ٹیکوں کی ملاقات کے دوران 8 اور 12 ہفتے کی عمر میں دی جاتی ہے۔

12 ماہ کی عمر میں MenB بوسٹر ویکسین دیے جانے کے بعد پیراسیٹامول کی معمول کے مطابق ضرورت نہیں ہوتی۔ اس عمر تک بچے میں بخار کا خطرہ اتنا ہی ہوتا ہے جتنا کہ دوسری ویکسینز کے بعد ہوسکتا ہے۔

## مجھے پیراسیٹامول کی کتنی مقدار دینی چاہیے؟

MenB ویکسینیشن کے بعد پیراسیٹامول کی 2.5ml (60mg) کی مجموعی طور پر 3 خوراکوں کی تجویز دی جاتی ہے۔ آپ کو پہلی خوراک ویکسینیشن کے وقت یا اس کے بعد جتنا جلد ممکن ہوسکے دے دینی چاہیے۔

پھر آپ کو پیراسیٹامول کی دوسری خوراک تقریباً 4 سے 6 گھنٹے بعد اور تیسری خوراک اس کے 4 سے 6 گھنٹے بعد دینی چاہیے (جدول دیکھیں)۔

2.5ml کی خوراک کی پیمائش کی جانی چاہیے اور اسے سرنج یا 2.5ml کے چمچ (یہ عام طور پر پیک میں موجود چمچ چھوٹا سِرا ہوتا ہے) کے ذریعے دیا جانا چاہیے۔

انتہائی قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں (32 ہفتوں کے حمل کے بعد) کے لیے، ویکسینیشن کے وقت شیرخوار بچے کے وزن کے مطابق پیراسیٹامول کو آپ کے ڈاکٹر کی جانب سے تجویز کیا جانا چاہیے۔ آپ کو اپنے ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیے اور تجویز کردہ ہدایات پر عمل کرنا چاہیے۔

**ابتدائی MenB ویکسینیشن (عام طور پر 8 اور 12 ہفتے کی عمر میں) کے بعد استعمال کے لیے بچوں کے پیراسیٹامول سسپنشن (120mg/5ml) کی خوراک اور وقت۔**

| بچے کی عمر | 6ماہ تک کی عمر (عام طور پر 8 اور 12 ہفتے پر) |
|---|---|
| خوراک 1 | ایک 2.5ml (60mg) خوراک ویکسینیشن کے بعد جلد از جلد |
| خوراک 2 | ایک 2.5ml (60mg) خوراک پہلی خوراک کے 4 سے 6 گھنٹے بعد |
| خوراک 3 | ایک 2.5ml (60mg) خوراک دوسری خوراک کے 4 سے 6 گھنٹے بعد |

**اس کتابچ میں دی گئی ہدایت کا اطلاق صرف اس صورت میں ہوتا ہے کہ جب آپ کے بچ کو MenB ویکسین دی گئی ہو۔ اگر آپ کے بچ کو کسی اور وقت میں بخار ہو، تو آپ کو پروڈکٹ کی پیکیجنگ اور مریض کے معلوماتی پرچ پر درج ہدایات اور مقدارِ خوراک پر عمل کرنا چاہیے۔**

### اگر پیراسیٹامول کی 3 خوراکیں پلانے کے بعد بھی میرے بچ کو بخار رہے تو کیا کرنا ہوگا؟

بعض بچوں کو ویکسینیشن، حتیٰ کہ پیراسیٹامول کی 3 خوراکیں پلا دینے کے بعد بھی بخار ہوسکتا ہے۔ ویکسینیشن کے بعد 48 گھنٹوں کے اندر، اگر آپ کے بچ کو اب بھی بخار ہو لیکن وہ عمومی طور پر ٹھیک ہو، تو آپ بچ کو بچوں کے پیراسیٹامول سسپنشن (120mg/5ml) کی وہی 2.5 ml (60mg) خوراک دینا جاری رکھ سکتے ہیں۔

- **آپ کو دوا کی خوراکوں کے درمیان ہمیشہ کم از کم 4 گھنٹوں کا وقفہ دینا چاہیے اور 24 گھنٹوں کے دورانیے میں کبھی بھی 4 خوراکوں سے زیادہ نہ دیں۔**

آپ کو اپنے بچ کو ٹھنڈا بھی رکھنا چاہیے یہ یقینی بناتے ہوئے کہ اُن پر بہت زیادہ کپڑے یا کمبل نہ ہوں، اور انہیں پینے کے لیے مشروب خوب دیں۔ اگر آپ بچہ ماں کے دودھ پر ہو، تو بہترین مشروب ماں کا دودھ ہے۔

- **اگر کسی بھی موقع پر آپ بچ کی صحت کے حوالے سے پریشان ہوں، تو اپنے فطری وجدان پر بھروسہ کریں اور مشورے کے لیے اپنے جی پی سے بات کریں یا برطانیہ میں NHS کو 111 پر اور ویلز میں 47 46 0845 پر کال کریں۔**
- **اگر ویکسینیشن کے 48 گھنٹے گزرنے کے بعد بھی آپ کے بچ کو بخار ہو تو آپ کو اپنے جی پی سے بات کرنی چاہیے یا مشورے کے لیے برطانیہ میں NHS کو 111 پر اور ویلز میں 47 46 0845 پر کال کرنی چاہیے۔**

## دیگر عمومی سوالات:

### کیا پیراسیٹامول پلانے کے لیے مجھے اپنے بچ کو نیند سے جگانا چاہیے؟

آپ کو کوشش کرنی چاہیے کہ MenB ویکسین کے بعد جتنی جلدی ہو سکے پیراسیٹامول کی پہلی خوراک پلا دیں۔ تاہم، اگر اگلی خوراکوں کے وقت آپ کا بچہ سو رہا ہو تو اسے مت جگائیں۔ یہ خوراک آپ بچے کے جاگنے کے بعد دے سکتے ہیں، تاہم ہر دو خوراکوں کے مابین کم از کم 4 گھنٹے کا وقفہ ہوچکا ہو۔

### کیا چھوٹے بچوں کو پیراسیٹامول دینا ٹھیک ہے؟

پیراسیٹامول 2 ماہ کی عمر کے بعد سے بچوں میں بخار سے آرام کے لیے منظور شدہ ہے۔ پیک میں موجود مریض کے معلوماتی پرچ میں درج ہوسکتا ہے کہ 2 سے 3 ماہ کے بچوں کو ڈاکٹر یا فارماسسٹ سے بات کرنے سے پہلے صرف 2 خوراکیں دی جانی چاہئیں۔

اگرچہ پیراسیٹامول بہت چھوٹے بچوں کو دینا محفوظ ہے، تاہم پیکیجنگ پر ہدایت درج ہوتی ہے تاکہ والدین وجہ سمجھ میں نہ آنے والے بخار میں بچ کو پیراسیٹامول دینے سے گریز کریں۔ ایسا بخار سنگین انفیکشن کی علامت ہوسکتا ہے اور بہت عرصے تک اس سے علاج کرنا والدین کے لیے طبی مدد حاصل کرنے میں تاخیر پیدا کرسکتا ہے۔

اگرچہ ویکسینیشن کے بعد بخار ہونا عام بات ہے، تاہم ماہرین نے ہدایت کی ہے کہ طبی مدد حاصل کیے بغیر MenB ویکسین کے بعد 48 گھنٹوں تک پیراسیٹامول دینا ٹھیک ہے۔

اس دورانیے میں بخار ہونے کی وجہ انفیکشن کے بجائے ویکسین ہونے کا کافی زیادہ امکان ہوتا ہے۔ پیراسیٹامول آپ کے بچ کو بہتر محسوس کرنے میں مدد دے گی اور اس میں ضرورت سے زیادہ خوراک دینے کا بھی کوئی خطرہ نہیں ہے بشرطیکہ آپ 24 گھنٹے کے دورانیے میں 2.5ml کی 4 سے زائد خوراکیں نہ دیں۔

### مینوفیکچرر کے مریض کے معلوماتی کتابچ (PIL) میں مختلف معلومات کیوں شامل ہوتی ہیں؟

آپ کو اپنی خریدی گئی پیراسیٹامول کی سپلائی میں مریض کا معلوماتی کتابچہ (PIL) ملے گا۔ انفینٹ پیراسیٹامول سسپنشن 120mg/5ml میں موجود PIL میں مقدارِ خوراک کی ہدایات MenB ویکسینیشن کے بعد استعمال کے لیے ماہرین کی تجاویز سے مختلف ہوسکتی ہیں۔ یہاں، اس کتابچ میں، ہم MenB ویکسینیشن کے بعد پیراسیٹامول کے استعمال کے لیے مخصوص تجاویز کی تفصیلات فراہم کرتے ہیں۔ پیراسیٹامول پروڈکٹ کے بارے میں مکمل معلومات کے لیے، براہِ کرم مینوفیکچرر کا PIL ملاحظہ کریں۔

### کیا میرے بچ کو 12 ماہ میں بوسٹر ویکسینیشنز کے ساتھ پیراسیٹامول کی ضرورت ہے؟

12 ماہ کی عمر تک، MenB ویکسین کے بعد بچ میں بخار کا خطرہ دوسری ویکسینز جیسا ہوتا ہے۔ لہٰذا، آپ کے بچ کو اس کی معمول کی 12 ماہ کی ویکسینیشنز کے ساتھ پیراسیٹامول کی 3 خوراکیں دینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ تاہم، اگر آپ کے بچ کو گھر پر بخار ہو جائے یا وہ بے آرام لگے، تو آپ اپنے بچ کو اس کی عمر کے لحاظ سے مقدارِ خوراک کے شیڈول کے مطابق انفینٹ پیراسیٹامول دے سکتے ہیں، یہ شیڈول پیکٹ میں ہدایات پر دیا گیا ہوتا ہے۔

**2 سے 3 ماہ کی عمر کے بچوں کو پیراسیٹامول کی 2 سے زائد خوراکیں دینے کی ہدایت کا اطلاق بچ کی MenB ویکسین ہو جانے کے بعد ہوتا ہے۔ اگر آپ کے بچ کو کسی اور وقت میں بخار ہو، تو آپ کو پروڈکٹ کی پیکیجنگ اور مریض کے معلوماتی پرچ پر درج ہدایات اور مقدارِ خوراک پر عمل کرنا چاہیے۔**

NHS

www.nhs.uk/vaccinations

© Crown copyright 2025. Version 4. UK Health Security gateway number: 2025-166. Product code: 3083756UR Urdu. 50K SEP 2025 (APS)
To order more copies of this asset, please visit: **www.healthpublications.gov.uk** or call 0300 123 1002.